سوال

(123) رویت ہلال کمیٹی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کسی شخص کا یہ کہنا کہ میں رویت کمیٹی کا چیئرمین ہوں 'قاضی ہوں' میرے حکم پر ہی عیدین کے فیصلے ہوتے ہیں درست ہے؟ براہ مہربانی رویت ہلال کمیٹی پر روشنی ڈالیں کہ اس میں کون کون سے علمائے دین شامل ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

برطانیہ کے مسلمانوں کو عیدین کے موقع پر جو پریشانی ہوتی ہے اسے دور کرنے کی غرض سے اسلامک کلچرل سینٹر لندن کی کوشش سے رویت ہلال کمیٹی وجود میں آئی جس میں تمام مکاتیب فکر کے علماء شامل ہیں۔ تاہم کسی ایک شخص کو کمیٹی کا صدر یا قاضی ہونے کا دعویٰ کرکے لوگوں پر رعب نہیں ڈالنا چاہیے۔ کمیٹی یا اس میں شامل علماء کو بھی اتنا ہی اختیار ہے کہ وہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اپنی رائے کا اظہار کریں یا فیصلہ کریں۔ اپنی طرف سے کوئی بات ٹھونسنے کی ان کو بھی ہرگز اجازت نہیں ہے۔ کمیٹی کے چیئرمین اسلامک کلچرل سینٹر لندن کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ذکی بداوی ہیں اور ایک لحاظ سے اس کمیٹی کا بانی بھی اسلامک کلچرل سینٹر لندن ہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص293

محدث فتویٰ